رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2015-2017 تا 2017-2019)

و (لازمی) — 019 - (دہم کلاس) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) — (دوسرا گروپ) — کل نمبر : 60

## ( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

**( حصہ نظم )**

(i) یہ سرد و گرم ، خشک و تر ، اُجالا اور تاریکی — نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذاتِ باری کی

(ii) وہ لُو ، وہ آفتاب کی حِدّت، وہ تاب و تب — کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار — ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردِگار

(iv) رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے — چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شِغال

**( حصہ غزل )**

(v) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

(vi) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر — شانِ رنگینیِ حسنِ چمن آرا بھی نہیں

(vii) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

## ( حصہ دوم )

3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) یہ ضرور ہے کہ جن مرغانِ خوش نوا کی تعریف میں شعرا اس قدر رَطبُ اللّسان ہیں، ان کی عنایت سے میں خوش نہیں ہوا کہ سب کے سب میرے کمرے کے نیچے درخت پر جمع ہو گئے اور شور مچانا شروع کر دیا، تاہم میں نے کوشش کر کے اُن کی طرف سے کان بند کر لیے اور کام میں ہمہ تن مشغول ہو گیا۔

(ورق الٹئے)

3۔ (ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اُردو ، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہارِ خیال فرماتے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) سرسید کے کس دوست نے مسلم لیگ کی بنیاد رکھی اور مسلم لیگ کب قائم ہوئی؟ (ii) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

(iii) اُردو شعرا نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟ (iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) فاطمہ کو ''راکھ میں دبی ہوئی چنگاری'' کیوں کہا گیا ہے؟ (vi) کھیت سے مُنھ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے؟

(vii) فراق گورکھپوری کی شاملِ نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟ (viii) مرزا محمد سعید کا آبائی گھر کس شہر میں تھا اور کس عظیم مسلمان رہنما سے ان کی عزیزداری تھی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) اُردو ادب میں عیدالفطر۔ (ii) پرستان کی شہزادی۔ 5

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) محنت کی برکتیں۔ (ii) ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ۔ (iii) شہری اور دیہی زندگی۔ 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے: 10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنا شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی' ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے' مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے' ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے' جو بچے اُن کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات: (i) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں کس زمانے میں؟ (ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(iii) ''وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے'' کون لوگ برف میں رہنے کے عادی تھے؟ (iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟